# شمع محفل اور جگنو

کرامت علی کرامتؔ

**تعارف:** اردو شاعری میں شمع اور پروانہ، اور شمع اور جگنو، شمع محفل جیسے موضوعات پر کافی نظمیں لکھی گئی ہیں اور غزل کے شعروں میں بھی ان چیزوں کا ذکر ہوا ہے۔ نظم ''شمع محفل اور جگنو'' کرامت علی کرامتؔ کے دوسرے شعری مجموعے ''شاخِ صنوبر'' سے منتخب کی گئی ہے۔ یہ نظم مکالمے یعنی آپسی بات چیت کے انداز میں لکھی گئی ہے جو بہت دل چسپ اور سبق آموز ہے۔



شمع، جگنو سے ایک دن بولی
میرے آگے عزیز کیا ہے تو؟
ہر کوئی فیض یاب ہے مجھ سے
میرا رتبہ بھی جانتا ہے تو؟
دیکھ پروانے مجھ پہ مرتے ہیں
اپنے یاروں سے بے وفا ہے تو
شان و شوکت سے جل رہی ہوں میں
رات بھر ٹمٹما رہا ہے تو
دلِ شاعر کی ہوں میں وجہِ سکوں
اس کی نظروں سے لاپتہ ہے تو
تجھ سا لاکھوں بھی ہوں اگر یک جا
کب مرا کام دے سکا ہے تو؟

سن کے جگنو نے یوں جواب دیا
شمع،کس درجہ بے حیا ہے تو
سوزِ پروانہ تیرا شیوہ ہے
درد سے اس کے آشنا ہے تو؟
تو تو جلتی ہے پر ہے اشک فشاں
مجھ سا جل کر بھی بے صدا ہے تو؟
مجھ کو قدرت نے روشنی دی ہے
سعئ انساں کا سلسلہ ہے تو
بھولے بھٹکوں کا میں ہوں راہنما
اور کتنوں کی رہنما ہے تو
اب بتا کائناتِ ہستی میں
باعثِ فخر میں ہوں یا ہے تو؟

★★★

## سوالات

۱۔ شمع کس سے مخاطب تھی؟
۲۔ پروانے کس پر مرتے ہیں؟
۳۔ شاعر کے دل کا سکون کون ہے؟
۴۔ جگنو کو کس نے روشنی عطا کی ہے؟
۵۔ پروانوں کو جلانا کس کی عادت ہے؟
۶۔ جگنو کے خیال میں سعئ انساں کا سلسلہ کون ہے؟

## مشق

۱۔ لفظ و معنی

| لفظ | معنی | لفظ | معنی |
|---|---|---|---|
| شمع | موم بتی | آشنا | جان پہچان والا |
| رتبہ | مقام | اشک | آنسو |
| فیض یاب | فائدہ حاصل کرنے والا | سعی | کوشش |
| پروانہ | پتنگا | رہنما | راستہ دکھانے والا |
| یک جا | ایک جگہ۔ اکٹھا | باعث | وجہ۔ سبب |
| صدا | آواز | کائنات | دنیا |
| سوز | جلن۔ درد | شیوہ | عادت۔ ڈھنگ |

۲۔لکیر کھینچ کر ایک مصرعے کو دوسرے درست مصرعے کے ساتھ جوڑیے۔

| ب | الف |
|---|---|
| سعئ انساں کا سلسلہ ہے تو | شمع جگنو سے ایک دن بولی |
| میرے آگے عزیز کیا ہے تو | شان و شوکت سے جل رہی ہوں میں |
| رات بھر ٹمٹمار ہا ہے تو | سوزِ پروانہ تیرا شیوہ ہے |
| درد سے اس کے آشنا ہے تو؟ | مجھ کو قدرت نے روشنی دی ہے |

۳۔ذیل کے لفظوں سے ایسے جملے بنائیے جن سے ان کے مذکر یا مؤنث ہونے کا پتا چل جایے۔

شمع۔رتبہ۔نظر۔درد۔قدرت۔انسان۔جواب

۴۔ایسے الفاظ جن کے معنی ایک جیسے ہوتے ہیں ان کو ہامعنی یا مترادف کہتے ہیں۔جیسے:

شمع،موم بتی۔پروانہ،پتنگا۔آواز،صدا،ندا۔پرندہ،چڑیا،طائر۔ ذیل میں دیے گیے الفاظ کے مترادف لکھیے۔

آگے۔رتبہ۔یار۔روشنی۔انسان

۵۔ذیل کے لفظوں کی جمع لکھیے:

رتبہ۔شاعر۔پروانہ۔انسان۔شمع

۶۔آپ کے لیے کام:

اردو پروجیکٹ کی کاپی میں شمع اور جگنو کی تصویر بنا کر اس کے نیچے یہ شعر خوش خط لکھ کر استاد کو دکھاییے۔

شان و شوکت سے جل رہی ہوں میں
رات بھر ٹمٹما رہا ہے تو

★★★